i. A Member entitled to attend and vote at the Annual General Meeting may appoint another person as his proxy to attend and vote for him/her. No person shall act as proxy, who is not a member of the Company except that Government of Pakistan/Corporate entity may appoint a person who is not a member of the Company. If the member is corporate entity, it must have Board of Directors' resolution/power of attorney vote should be affixed on the proxy form.
ii. A member shall not be entitled to appoint more than one proxy to attend anyone meeting. If any member appoints more than one proxy for anyone meeting and more than one instruments of proxy are deposited with the company, all such instruments of proxy shall be rendered invalid. The instrument appointing a proxy duly completed, together with Power of Attorney or Board Resolution, if any, under which it is signed or a notarially certified copy thereof, should be deposited with the Company Secretary, Askari General Insurance Company Limited, 3rd Floor, AWT Plaza, The Mall, Rawalpindi, not later than 48 hours before the time of holding the meeting.
iii. For attending the meeting and appointing proxies, CDC Account Holders will further have to follow the guidelines as laid down in Circular No. 1 of 2000 dated January 26, 2000, issued by Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP). The rights of the members and their proxies exercisable during meetings and all other relevant information are listed in section 137 of the Companies Act 2017, which can be easily accessed on the Securities and Exchange Commission of Pakistan (SECP) website.
iv. In case of individuals, the account holder or sub-account holder and/or the persons whose registration details are uploaded as per the Regulations shall submit the proxy form as per requirement notified by the Company.
v. The proxy form shall be witnessed by two persons whose names, addresses and CNIC numbers shall be mentioned on the form.
vi. Attested copies of CNIC or the passport of the beneficial owners and the proxy shall be furnished with the proxy form.
vii. The proxy shall produce his/her original CNIC or original passport at the time of the meeting.
viii. In case of corporate entity being a Member, the Board of Directors' resolution / power of attorney with specimen signature of the nominee / attorney shall have to be submitted (unless it has been provided earlier) along with the proxy form to the Company.

Contact Information:

For any query/problem/information, the shareholders may contact the Company Secretary and/or the Share Registrar at the following:

Company Representative	Shares Registrar
Company Secretary 051-9028206, 051-9028101 cs@agico.com.pk	THK Associates (Private) Limited 32-C, Jami Commercial Street-2, DHA Phase 7, Karachi

بقیہ نمبر 1 عمران خان

پرویز الٰہی نے زمان پارک میں ملاقات کی۔ ملاقات میں پنجاب میں پارٹی ٹکٹوں کی تقسیم کے حوالے سے تفصیلی مشاورت اور موجودہ سیاسی صورتحال پر گفتگو کی گئی۔ عمران خان نے کہا ہے کہ عوامی سمندر نے امپورٹڈ حکمرانوں کو دن میں تارے دکھا دیئے، یہ جلتا مرضی روپیں الیکشن ہر صورت میں ہو کر رہیں گے۔ پرویز الٰہی کا کہنا ہے کہ نواز شریف کو مشورہ ہے کہ الطاف حسین کے انجام سے عبرت حاصل کریں، مریم نواز، رانا ثنا اللہ اور وزیر قانون کے اتحقاء مشوروں نے حکومت اور پی ڈی ایم کو بند گلی میں دھکیل دیا ہے۔ عمران خان نے کہا کہ سپریم کورٹ کے فیصلے کے خلاف نظر ثانی اپیل دائر کریں گے۔ زمان پارک میں تحریک انصاف کے کارکنوں کے ساتھ افطاری کے دوران گفتگو کرتے ہوئے سابق وزیر اعظم عمران خان نے کہا کہ حکومت میں آنے کا دوبارہ موقع ملا تو انشاء اللہ پہلے سے بہتر کام کریں گے۔ زمان پارک میں تحریک انصاف کے کارکنوں کے ساتھ افطاری کے دوران گفتگو کرتے ہوئے سابق وزیر اعظم عمران خان نے کہا کہ آپ کے سامنے ہمیشہ دو راستے ہوتے ہیں، ایک عظمت کا راستہ اور دوسرا تباہی کا، اللہ سے ہم نعمتوں کا راستہ مانگتے ہیں پر جاتے تباہی کے راستے پر ہیں۔ عمران خان نے اپنے ٹویٹ میں کہا کہ اب پوری طرح سے واضح ہو چکا ہے کہ پی ڈی ایم ہر حال میں انتخابات سے فرار ہی چاہتی ہے۔ اب انتخابات کو انتواء میں ڈالنے کی کوشش کرنے اور سپریم کورٹ کے ایک جواز کے طور پر استعمال کرنے کیلئے قومی سلامتی کمیٹی کا اجلاس طلب کیا گیا ہے۔ انکا یہ اقدام مسلح افواج کو مدعا لیہ ہی نہیں بلکہ براہ راست قوم کے سامنے لاکھڑا کرے گا۔ پنجاب اسمبلی کے انتخابات کی تیاریوں کے سلسلے میں تحریک انصاف نے عید الفطر کے بعد انتخابی جلسے شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے، عمران خان نے جلسوں کے شیڈول سے متعلق مشاورت شروع کر دی، عمران خان انتخابی جلسوں سے براہ راست خطاب کریں گے، عمران خان کی جانب سے جنوبی پنجاب سے انتخابی جلسے شروع کرنے پر غور کیا جا رہا ہے عمران خان نے گزشتہ روز جلسوں کے شیڈول سے متعلق مزید مشاورت کی۔ دوسری طرف تحریک انصاف کے مرکزی سینئر نائب صدر فواد چودھری نے نیوز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قراردادوں کے ذریعے صدارتی فیصلے ختم نہیں کیے جاسکتے، یہ حکومت اقتدار چھوڑ کر عوام میں جانے کو تیار نہیں، یہ عوام سے ووٹ کا حق چھیننا چاہتے ہیں، اگر تمام آئینی راستے بند ہو گئے تو ہم بڑی تحریک چلائیں گے۔ سارا بحران اس حکومت کے رویے کی وجہ سے پیدا ہوا ہے۔ بحران صرف یہ ہے کہ یہ حکومت اقتدار چھوڑنے کو تیار نہیں۔ پاکستان پر فاشزم مسلط ہے۔ یہ حکومت پاکستان کے آئین پر عمل نہیں کر رہی۔ مریم نواز اپنے چچا کو ناامل کروانے کیلئے یہ جال بچھا رہی ہے۔ شہباز شریف کو سمجھ عقل ہے تو سمجھ جائیں گے۔ جن وزراء نے سپریم کورٹ کے فیصلے کو مسترد کیا ہے وہ آئین کی توہین کے مرتکب ہوئے ہیں۔ قرارداد پر صرف 42 لوگوں نے دستخط کیے۔ یہ ایوان 342 ارکین کا ہے۔ آج ایمنسٹی سکیم رٹی کونسل کی میٹنگ بلائی گئی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ قومی ادارے کسی حکومت کے ساتھ نہیں آئین کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔ ہم اپنے اداروں کے ساتھ براہ راست تصادم نہیں چاہتے۔ ان کا کہنا تھا رانا ثنا اللہ جب آئین پر بات کریں تو اس کو سنجیدہ نہیں لینا، رانا ثنا اللہ کی بات بالکل نہ سنیں، مارشل لاء کے علاوہ سپریم کورٹ کے فیصلے کو نہیں ٹال سکتے۔ پروگرام نقطہ نظر میں گفتگو کرتے ہوئے فواد چودھری نے کہا ہے کہ قومی سلامتی کا اجلاس ہو رہا ہے، اجلاس کے اعلامیے سے اداروں کی پوزیشن کا پتا چل جائے گا۔ یہ توہین عدالت ہے، چیف جسٹس نے کہا کہ تو آپ ریکارڈ بنا رہے ہیں ناں! عمران کے وکیل سلمان صفدر نے کہا کہ ایک اور وزیر اعظم کے ساتھ وہ نہیں ہونا چاہیے جو ماضی میں ہوا، ہمیں ایک سابق وزیر اعظم کو لاحق خطرات کو ختم کرنا چاہیے، عمران عید کے بعد اس عدالت میں آئیں گے اسی دن ٹرائل کورٹ میں سرنڈر کر دیں گے، عید کے بعد دوسرے یا تیسرے ورکنگ ڈے تک ریلیف دے دیں، اسے لیسز ہیں اور تفتیش بھی جو ان کرنی ہے، ابھی تک چے آئی ٹی نے تفتیش کیلئے نہیں بلایا، چیف جسٹس نے کہا کہ ابھی تو پندرہ رمضان ہے اور عید میں آدھا مہینہ ہے، عنایت کل از گرفتاری میں دو ہفتے کی ڈیٹ کیسے دیں؟ دوران سماعت ایڈووکیٹ جنرل اسلام آباد جہانگیر جدون روسٹرم پر آگے اور کہا کہ سکیم رٹی تھریٹ تو ان کو زندگی بھر رہیں گی، چیف جسٹس نے کہا کہ ہم پہلے سے آرڈر میں کچھ لکھ کر ہاتھ نہیں باندھنا چاہتے، ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے کہا کہ آئی جی کے پاس اختیار ہے کہ وہ سکیورٹی میں اضافہ کر سکتے ہیں، عمران کو چاہئے کہ آنے سے قبل آگاہ کریں کہ کب یہاں آ رہے ہیں، چیف جسٹس نے استفسار کیا کہ کیا اسسمنٹ ٹیکلی تھریٹ کا جائزہ لے کر سکیورٹی بڑھائی جاتی ہے یا اگر ڈیوٹی چار پولیس اہلکاروں کی ہو تو کیا تھریٹ ملنے پر سکیورٹی بڑھائی جاتی ہے؟ آپ نے عمران خان کے لیے فول پروف سکیورٹی کا تو فی الحقیقت کہا تھا، آپ نے عمران خان کو بلٹ پروف سائیکل اور وزیر اعظم سیکورٹی نہیں دی، اس کو سکیورٹی واپس لینا ہی تصور کیا جائے گا، وکیل نے کہا کہ آخری گزارش ہے کہ 18 اپریل کو ساڑھے گیارہ بجے کا وقت مقرر کر دیں، چیف جسٹس نے کہا کہ ہم اضافہ کو یہ درخواست ٹرانسفر کر آپ کو پروٹیکشن دے دیں گے۔

بقیہ نمبر 3 ثناء اللہ

ملک کو نقصان نہ پہنچائیں، فرد واحد کی انا کی تسکین کیلئے ملک کو آمریت کے اندھیروں میں نہ دھکیلیں۔ لائرز کمپلیکس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے، وکلا برادری ہمارے معاشرے کا لازمی حصہ ہے، لائرز کمپلیکس پر تقریباً 2 ارب روپے لاگت آئے گی، لائرز کمپلیکس کو 12 ماہ کی قلیل مدت میں مکمل کیا جائے گا، ملک میں متنازعہ الیکشن کرانے کی کوشش کی جا رہی ہے، وزیر داخلہ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کو عوام میں جانے میں کوئی خوف نہیں ہے، یہ الیکشن صرف فرد واحد کی انا، ضد، خود پرستی کی تشکیل کیلئے کرایا جا رہا ہے، یہ اسمبلیاں لوٹی نہیں ایک خاص مقصد کیلئے توڑی گئی ہیں، پنجاب اپنے تینوں بھائیوں کے ساتھ مل کر جمہوریت کے سفر کو آگے بڑھانا چاہتا ہے، پنجاب کے الیکشن عام انتخابات پر اثر انداز ہوں گے، چیف جسٹس صاحب سے گزارش کروں گا الیکشن میں سکیورٹی پوری نہیں ہوگی، حلقوں میں جو ریٹرننگ افسران نہ ہوں تو یہ پورے ملک کو خوفزدہ کرنے والی بات ہے، اس ملک کو 1970 کے الیکشن نے دولخت کیا، 1977 کے الیکشن کو آمریت کے اندھیروں میں دھکیلا، دکھلا برادری ملک کو اس شکل سے بچائے۔

بقیہ نمبر 4 مریم اورنگزیب

کے انتخابات کیلئے جمع کرائے جانے والے کاغذات نامزدگی واپس لینے کی اطلاعات جھوٹ اور پراپیگنڈا ہے، پارٹی قیادت نے ایسا کوئی فیصلہ نہیں کیا۔ انہوں نے کہا ہے یہ اطلاعات من گھڑت اور تخیل قیاس آرائیاں ہیں، حکومت میں شامل تمام جماعتیں ایک ہی دن ملک بھر میں الیکشن کی حامی ہیں، انہوں نے کہا کہ فارن ایجنٹ، فتنہ فساد آئین شکن گھڑی چور کا ڈٹ کر مقابلہ کریں گے۔

بقیہ نمبر 5 گنڈاپور

پشاور ہائیکورٹ کے باہر سے گرفتار کر لیا گیا، اطلاعات کے مطابق خیبر پختونخوا پولیس کی بھاری نفری صبح سے پشاور ہائیکورٹ، رجسٹری ڈیرہ اسماعیل خان کے باہر موجود تھی، تاہم پولیس نے تاحال گرفتاری کی وجوہات نہیں بتائیں۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کے سابق وفاقی وزیر دن ڈیڑھ بجے عدالت پہنچے تو پتہ چلا کہ پہلے ہی گرفتار کر لیے گئے تھے، اس دوران ڈی پی او نے پولیس کی بھاری نفری کے ساتھ ہائیکورٹ کے احاطے کو گھیرے میں لے رکھا، ذرائع نے بتایا کہ علی امین گنڈاپور نے پولیس کو خود گرفتاری دی، پانچ ذرائع کے مطابق علی امین گنڈاپور پر گھر کے خلاف اسلام آباد کے تھانہ گولڑہ اور محکمہ دہشت گردی ایکٹ کے تحت مقدمہ درج ہے، سابق وفاقی وزیر کے وکیل نے بتایا کہ ڈی پی او ڈیرہ اسماعیل خان کی قیادت میں پولیس نے علی امین گنڈاپور کو گرفتار کر کے نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا ہے، دوسری جانب عمران خان نے ایک ٹویٹ میں کہا ہے کہ پاکستان میں مکمل جنگل کا قانون رائج ہے۔ پی ٹی آئی ایم این اور سینیٹرز کا ایک ٹاکنی ایجنڈا ہے، وہ پی ٹی آئی کے کارکنوں اور قیادت کے خلاف کارروائیاں کریں، عمران نے لکھا کہ علی امین گنڈاپور کو ظالموں نے گرفتار کرنے کا اعلان کیا تھا، اس کے باوجود گرفتار کرنے کا فیصلہ کیا گیا لیکن پھر بھی الیکشن میں کلسٹ کھائی جائے گی۔

بقیہ نمبر 6 چیئرمین این ڈی ایم اے

آئے، ملک میں وقت سے پہلے بارشیں شروع ہو چکی ہیں، گرمیوں میں شدید ہیٹ ویو کا بھی خدشہ ہے۔ این ڈی ایم اے کے زیر اہتمام موسم گرما کے ہنگامی حالات سے متعلق کانفرنس میں بریفنگ دیتے ہوئے لیفٹیننٹ جنرل انعام حیدر ملک نے کہا قدرتی آفات کے علاوہ انسانی غلطی سے پیش آنے والے حادثات و سانحات سے متعلق بھی تیاری رکھی جائے، صوبائی ڈیزاسٹر اداروں کے ساتھ مل کر کے کڑی نگرانی کریں، جنگلات میں آگ لگنے کے واقعات کی روک تھام کیلئے مقامی سطح پر دیہی لیشن فورس قائم کی جائے۔ انہوں نے حال ہی میں ہنگامی حالات سے نمٹنے کی کامیاب فرضی مشقوں سے متعلق شرکا کو آگاہ کیا اور بتایا کہ آنے والے مہینوں میں ایسی مزید فرضی مشقیں اور حکومتی اداروں، این جی اوز اور تعلیمی اداروں کے ساتھ آگاہی سیشنز کا انعقاد کیا جائے گا۔ محکمہ موسمیات کے ترجمان نے کہا موسم گرما کے ابتدائی 3 ماہ کے دوران ملک کے بیشتر حصوں میں معمول یا معمول سے زائد بارشیں ہو سکتی ہیں جبکہ اوسط درجہ حرارت بھی معمول یا کچھ زائد رہنے کی توقع ہے۔ کانفرنس میں وزارت موسمیاتی تبدیلی، وزارت قومی ہیلتھ سروسز، مسلح افواج، پاک فوج، محکمہ موسمیات، آئی ایس پی آر، صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹیز سمیت دیگر اہم شعبوں اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ کانفرنس میں اگلے 6 ماہ کے دوران ہیٹ سٹروک، ڈینگی، ٹڈی دل کے حملے، جنگلات میں آگ لگنے کے واقعات، شدید سردی، گلیشیئر پگھلنے اور سیلاب سمیت دیگر ممکنہ قدرتی آفات کے خطرات اور ان سے بچاؤ کیلئے مجوزہ منصوبہ بندی پر غور کیا گیا۔ وزارت قومی ہیلتھ سروسز نے فورم کو ہیٹ سٹروک سے بچاؤ کیلئے احتیاطی تدابیر پیش کیں۔

بقیہ نمبر 7 الیکشن/منظوری

کی تعمیر کیلئے 1236 ارب روپے مختص کرنے سمیت 5 منصوبوں کی منظوری دیدی۔ اجلاس وزیر خزانہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت ہوا۔ کمیٹی نے دیامر بھاشا ڈیم کی تعمیر کیلئے 1236 ارب روپے کی تخمینہ لاگت کی اصولی منظوری دی جس میں 5 کھرب 98 ارب 19 کروڑ روپے کی غیر ملکی معاونت شامل ہے، واپڈا اس منصوبے پر عملدرآمد کرائے گی۔ الیکٹ نے پاکستان اور ایران کے درمیان زمینی رابطوں کے فروغ کے سلسلے میں ایم 8 موٹروے سے ایران کی سرحد تک 115 کلومیٹر طویل تربت مند روڈ کی تعمیر کیلئے 19 ارب 57 کروڑ 10 لاکھ روپے کے نظرثانی شدہ تخمینہ لاگت کی منظوری دی، یہ شاہراہ ایران بارڈر تک تعمیر کی جائے گی، ایران کی جانب سے ایسی ہی شاہراہ پاکستانی سرحد تک تعمیر کیے جانے کے بعد مسافروں اور زیارات کیلئے جانے والوں کو محفوظ سفری سہولت کے ساتھ ساتھ پاکستان اور ای سی او ممالک کے درمیان زمینی راستے سے تجارت کا فروغ ممکن ہو سکے گا، یہ منصوبہ جنوبی بلوچستان ڈویلپمنٹ پیکیج کے حصے کے طور پر منظور کیا گیا ہے۔ الیکٹ نے این 55 پر اراجن پور ڈیرہ غازی خان سیکشن کو 4 لین بائی دے بنانے کیلئے اراضی مالکان کو ادائیگیوں اور ڈیرہ غازی خان ڈیرہ اسماعیل خان روڈ کو دو رویہ کرنے کیلئے 11 ارب 37 کروڑ 73 لاکھ روپے کے فنڈز کی منظوری دیدی، یہ منصوبہ بھی وسائل سے مکمل کیا جائیگا۔ اجلاس میں 27 ارب 63 کروڑ 87 لاکھ روپے کی مالیت سے 228 کلومیٹر طویل ہکنجور گھاٹ آوران روڈ تعمیر کرنے کے منصوبے کی منظوری بھی دی گئی، یہ منصوبہ بھی جنوبی بلوچستان ڈویلپمنٹ پیکیج کے حصے کے طور پر منظور کیا گیا ہے۔ اجلاس میں ڈیجیٹل اکنامی انیشیٹو کے تحت 17 ارب 47 کروڑ 7 لاکھ روپے کی منظوری بھی دی گئی جس کے تحت الیف پی آر، ڈاورا، این آئی ٹی پی، پی آئی ٹی پی، آئی جی این آئی ٹی آئی اور بورڈ آف انویسٹمنٹ کو ڈیجیٹل بنایا جائے گا، سرمایہ کاری بورڈ اس منصوبے پر عمل درآمد کروائے گا۔ ایجنگ نے ہائیدار معاشی ترقی کے عالمی منصوبے کے تحت قریب ترین آبادی کیلئے بجلی کی فراہمی کے چھوٹے منصوبے تعمیر کرنے پر عائد پابندی اٹھانے کی منظوری بھی دی اور مختلف وجوہات کی بنیاد پر بند ہو جانے والے منصوبوں کے بقایاجات کی ادائیگی کیلئے فنڈنگ کی منظوری بھی دی۔

بقیہ نمبر 8 کمپنی چارجز

چارجز کی ادائیگی کیلئے صارفین سے 11 روپے 7 پیسے فی یونٹ وصول کیے جا رہے ہیں۔ مجموعی دستاویزات کے مطابق صارفین سے کمپنی چارجز کی مد میں 11 روپے 7 پیسے فی یونٹ چارج کیا جا رہا ہے جبکہ بجلی کی پیداواری قیمت 10 روپے 19 پیسے فی یونٹ چارج کی جاری ہے۔ کمپنی چارجز سالانہ بنیاد پر کم ہونے کی بجائے مسلسل بڑھ رہے ہیں۔ مالی سال 2020 میں کمپنی چارجز 7 روپے 88 پیسے فی یونٹ تھے جو کہ مجموعی طور پر 794 ارب روپے تھے۔ مالی سال 2023 میں کمپنی چارجز بڑھ کر 11 روپے 7 پیسے فی یونٹ تک پہنچ گئے ہیں جو کہ مجموعی طور پر 1251 ارب روپے بنتے ہیں۔ 3 سال میں کمپنی چارجز میں تقریباً 50 فیصد اضافہ ہوا ہے۔ حکومتی حلقوں کا کمپنی مالکان سے متعلق کہنا ہے کہ اس کا کوئی سدباب نہیں تاہم روپے کی بے قدری سے اس میں بہت اضافہ ہوتا ہے کیونکہ بجلی کی پیداواری لاگت کی ادائیگی ڈالر میں ہی ہوتی ہے۔ کمپنی مالکان، پیداواری لاگت اور گیس ملا کر عام صارف کو فی یونٹ تقریباً 25 روپے کا پڑ رہا ہے جس کے بعد سرچارج اور ٹیکول چارجز اپنی جگہ شامل ہوتے ہیں۔

بقیہ نمبر 9 قرضے

تاہم سٹیٹ بینک نے کمیٹی کو بتایا کہ یہ سہولت کورونا کے دوران کمرشل بینکوں نے فراہم کی، بینکوں نے بہت سوچ سمجھ کر تجربہ کار لوگوں کو قرضہ فراہم کیا، شرح سود صفر نہیں رعایتی تھی، مزید تفصیلات ان کیمرا بریفنگ میں فراہم کی جا سکتی ہیں۔ کمیٹی کا اجلاس قیصر احمد شیخ کی صدارت میں ہوا۔ کمیٹی کے رکن برجیس طاہر نے انکشاف کیا پی آئی ڈی سی میں 600 کاروباری افراد کو صفر شرح سود پر 3 ارب ڈالر قرضے فراہم کیے گئے، معلومات کمیٹی کو فراہم کی جائیں۔ چیئرمین کمیٹی قیصر احمد شیخ نے ان کے موقف کی حمایت کرتے ہوئے کہا ان میں سے کچھ لوگ ایک ہی گروپ سے تعلق رکھتے ہیں، بعض لوگوں کو 5 سے 15 ارب روپے تک قرضے دیے گئے، قرض لے کر مشینری درآمد ہی نہیں کی گئی جو کہ استعمال بھی نہیں ہوئی، ذاتی مفاد کی بنیاد پر قرضے کیوں جاری کیے گئے؟ سٹیٹ بینک قرض کی بازیاب، شرائط اور مستفید ہونے والے افراد کی فہرست پیش کرے۔ ڈپٹی گورنر سٹیٹ بینک عتایت حسین نے بتایا یہ قرضے کورونا کی وبا کے دوران کمرشل بینکوں نے جاری کیے تھے، بینکوں نے بزنس پلینوں کے پروفائل دیکھ کر قرضے جاری کیے، دیئے گئے قرضوں پر شرح سود صفر نہیں بلکہ رعایتی تھی، کمرشل بینکوں اور کاروباری افراد کی معلومات پرائیویٹ اور خفیہ ہیں، مزید تفصیلات ان کیمرا اجلاس میں فراہم کی جا سکتی ہیں۔ کمیٹی کے رکن علی پرویز ملک نے کہا کہ سکیم کورونا کے دوران آئی اور اب بند ہے تاہم اس سکیم کے تحت بینٹ پلانٹ بھی لگے۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا آج تک 10 لاکھ ڈالر کیلئے دھکے کھا رہے ہیں، یہ اہم معاملہ جس پر غور ضروری ہے۔ وزیر مملکت خزانہ عائشہ غوث پاشا نے ممبران کے سوالات کے جوابات دیتے ہوئے کہا قومی بچت مراکز اب ڈیجیٹلائز ہو چکے ہیں، پنشنرز اپنی پنشن کی رقم اکاؤنٹس میں منتقل کروا سکتے ہیں، انہیں اب لائن میں کھڑا ہونے کی ضرورت نہیں۔ قیصر احمد شیخ نے کہا کئی ماہ سے بینیفٹ بینک کا مستقل صدر نہیں، بینک کا بورڈ بھی نہیں، زرعی ترقیاتی بینک کا صدر بھی نہیں جبکہ سابقہ کمیشن صرف ایک ممبر کے ساتھ چل رہا ہے۔ وزیر مملکت نے بتایا سٹیٹ بینک دونوں بینکوں کے صدور کیلئے امیدواروں کی جانچ پڑتال کر رہا ہے، یہ تعیناتیاں رواں مالی سال میں کر دی جائیں گی، سابقہ کمیشن کے بورڈ کیلئے سلیکشن کمیٹی قائم کر دی گئی ہے۔ قبل ازیں چیئرمین کمیٹی نے وزیر خزانہ اور سیکرٹری خزانہ کی اجلاس میں عدم شرکت پر ناراضی کا اظہار کیا۔ ریمنڈ کمار دیکھوانی نے کہا وزیر خزانہ قومی اسمبلی کو جوابدہ ہیں، ایسے معاملہ پر وہ نہیں آتے تو کمیٹی کیسے نمٹے گی؟ اجلاس میں عدم شرکت پر وزیر خزانہ اور سیکرٹری خزانہ کو طلب کر لیا گیا۔

بقیہ نمبر 10 آرمی چیف

موقع پر کور کمانڈر راولپنڈی نے آرمی چیف کو لائن آف کنٹرول کی صورتحال اور وہاں تعینات فارمیشنوں کی آپریشنل تیاری کے بارے میں بریفنگ دی۔ آرمی چیف نے اگلے محاذوں پر تعینات افسروں اور جوانوں سے ملاقات کی، انہوں نے جوانوں پر زور دیا کہ وہ مقامی آبادی کو مکمل سپورٹ کریں، ثابت قدم اور پرعزم رہیں اور اپنے فرائض پورے خلوص اور لگن کیساتھ انجام دیں۔ انہوں نے مسئلہ کشمیر کو اجاگر کرنے کی کوششوں کو سراہا، ذکر کیا کہ پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت کی مسلسل نگرانی، قابل ذکر آپریشنل تیاری اور اعلیٰ مورال برقرار رکھنے پر افسروں اور جوانوں کو سراہا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاک فوج ہر قسم کے خطرات کے خلاف پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کو تیار، کشمیریوں کے جائز کاز کی سپورٹ کیلئے پرعزم اور مسئلہ جموں وکشمیر کے اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل کی خواہاں ہے۔ قبل ازیں لائن آف کنٹرول پہنچنے پر آرمی چیف کا استقبال کور کمانڈر راولپنڈی نے کیا۔

INVITATION FOR BIDS

PUNJAB MASSTRANSIT AUTHORITY (PMA)

Invites Tender For

PROCUREMENT, OPERATIONS AND MAINTENANCE OF METRO BUSES FOR PAKISTAN METROBUS SYSTEM (SADDAR TO PAK SECRETARIAT)

For details, please download related Request for Proposals (RFP) from www.pma.punjab.gov.pk, www.ppra.punjab.gov.pk

1. The procurement shall be conducted in accordance with the Punjab Procurement Rules 2014 on Single Stage Two Envelopes Procedure.
2. A single package containing separate technical proposals and financial proposals duly completed, signed, stamped, and in complete conformity with Tender Document should be dropped in the Tender Box placed at reception of the PMA Office 5th Floor, Arfa Software Technology Park, 346-B Ferozepur Road, Lahore, no later than 1100 Hours on 2nd May 2023. The Technical Proposals will be opened at 1130 Hours on 2nd May 2023 in PMA Lahore Office.
3. Bids which are incomplete, not sealed, not signed, unstamped, late or submitted by other than specified mode will not be considered.
4. Income tax/ Sales Tax Registration Certificate and other documents as mentioned in Tender Documents must accompany the bids. All Taxes will be deducted as per Government of Punjab rules.
5. Estimated Reserve Price for the Tender in PKR 558/- per km.
6. Clarification meeting will be held at 1100 Hours 13th April 2023, at PMA Lahore Office.
7. All questions / queries / clarifications regarding the procurement should be directed to the representative whose Contact details are given below.

Note: PMA reserves the right to cancel the tender / reject all bids at any time prior to the acceptance of bid.

General Manager Operations
Punjab Masstransit Authority 5th Floor, Arfa Software Technology Park, 346-B, Main Ferozepur Road Lahore, Pakistan
Ph # +92(42)99028000 Ext: 6005, Fax # +95(42)99232541
Email: info.pmbs@pma.punjab.gov.pk

IPL-2617

عسکری جنرل انشورنس لمیٹڈ (کمپنی)

28ویں سالانہ عام اجلاس کا نوٹس

اطلاع دی جاتی ہے کہ عسکری جنرل انشورنس لمیٹڈ (کمپنی) کے شیئر ہولڈرز کی 28ویں سالانہ جنرل میٹنگ (AGM) مندرجہ ذیل کاروبار کے لین دین کے لیے جمعہ 28 اپریل 2023 کو صبح 11:00 بجے Blue Lagoon، راولپنڈی میں منعقد ہوگی۔:

عام امور:

1. 30 ستمبر 2022 کو ختم ہونے والے 27ویں سالانہ جنرل میٹنگ کے حسابات پیش کرنے کے لیے۔
2. کمپنی کے آٹھ (8) ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا جو اپنے کارہائے منصبی 15 مارچ 2023 کو ہونے والی میٹنگ میں کیا (1) ڈائریکٹر، 2017 کے کمپنی (1)159 کے پروویژن کے مطابق تین (3) سال کی مدت کے لیے منتخب کیا تھا۔ 21 اپریل 2023 سے شروع ہو رہا ہے۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے کمپنی کے صدر اور چیف ایگزیکٹو آفیسر سمیت 9 میں سے کمپنی کا (1) ڈائریکٹر 2017 کے کمپنی (3) 188 کے تحت ایک (1) ڈائریکٹر ہونے کے ناطے ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے علاوہ 3 ڈائریکٹرز کا انتخاب کے اہل ہیں:
   - لیفٹیننٹ جنرل (ر) عاصم سلیم باجوہ
   - ایس ایم الیاس الدین شمس (ر)
   - رضوان اللہ خان
   - بریگیڈیئر (ر) طارق احمد
   - ملک رفعت کمبوہ
   - جناب اکبر حسین ملک
   - جناب عمران اقبال
   - مخدوم صادق کیرانہ ملک
3. 31 دسمبر 2022 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں (جامع اور غیر مبہم) کو حاصل کرنے، غور کرنے، منظور کرنے اور اپنانے کے لیے۔

شیئر ہولڈرز کو کمپنی کے اور ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کے ساتھ۔

جیسا کہ کمپنی کا 2017 کے کمپنی 223(7) کے تحت مطلوب ہے، مالیاتی گوشوارے کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دیا گیا ہے (ii) اور (iii) لنک سے ان کو دیکھا جا سکتا ہے۔

https://www.agico.com.pk/reports.php

4. 31 دسمبر 2022 کو ختم ہونے والے سال کے لیے 29 فیصد (2.9 روپے فی شیئر) کے حتمی نقد ڈیویڈنڈ کی سفارش کرنے اور حصہ داروں کے لیے جیسا کہ کمپنی کے ڈائریکٹرز نے تجویز کیا ہے۔
5. سال 2023 کے لیے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔ آڈٹ کمیٹی اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے یوسف عادل اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو کمپنی کے قانونی آڈیٹرز کے طور پر دوبارہ تقرر کی سفارش کی ہے۔

خاص امور

6. غور کرنے کے لیے، اور اگر مناسب سمجھا جائے تو، QR حامل کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کی ترسیل کے لیے، درج ذیل عام قرارداد پر ووٹ کاسٹ کرنا:

سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے ڈسٹری بیوشن آف ڈائریکٹرز کی رپورٹ اور بیلنس شیٹ اور نفع و نقصان کے حساب کے ساتھ کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ اکاؤنٹس کو، جس میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی رپورٹ اور آڈیٹرز کی رپورٹ شامل ہے، جیسا کہ SRO 389 (I)/2023 مورخہ 21 مارچ 2023 کے مطابق AGICO کے سالانہ ڈسٹری بیوشن شیئرز اور منافع کے اکاؤنٹ، آڈیٹرز کی رپورٹ اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ، بغیر کسی ترمیم کے منظور کیا جاتا ہے، اور بورڈ آف ڈائریکٹرز کو ہدایت کی جاتی ہے کہ QR حامل کوڈ اور ویب لنک کے ذریعے سالانہ اکاؤنٹس کی ترسیل کو یقینی بنائیں۔

خاص امور

7. شیئر ہولڈرز کی منظوری سے ایک خصوصی قرارداد پر غور کرنا اور اگر مناسب سمجھا جائے تو، درج ذیل قرارداد کو بطور خصوصی قرارداد منظور کرنا:

"قرارداد پائی گئی کہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن میں ترمیم کی جائے جیسا کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے تجویز کیا گیا ہے"

"مزید قرارداد پائی گئی کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے مجاز کوئی بھی شخص کمپنی کے سیکرٹری کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی ایک تصدیق شدہ کاپی رکھوائے"

"مزید قرارداد پائی گئی کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے مجاز کوئی بھی شخص کمپنی کے سیکرٹری کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی ایک تصدیق شدہ کاپی رکھوائے"

بورڈ کے حکم سے
راولپنڈی
7 اپریل 2023
کمپنی سیکرٹری

اہم نوٹ:

1. شیئر ہولڈرز کی شرکت

کمپنی کی طرف سے AGM میں شیئر ہولڈرز کی ورچوئل میٹنگ (ورچوئل طور پر شرکت اور/یا ووٹنگ) کی سہولت کے لیے انتظامات کیے گئے ہیں۔ اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے درج ذیل تفصیلات cs@agico.com.pk پر بھیج کر اپنی حاضری کی تصدیق کریں۔

فولیو/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر	نام	شناختی کارڈ نمبر	موبائل نمبر	ای میل پتہ

شیئر ہولڈرز AGM کے گواہ بننے/ووٹ ڈالنے کے لیے اپنے تصدیق شدہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ/پاسپورٹ کی کاپی بھی فراہم کر سکتے ہیں۔

2. حصص منتقلی بکس کی بندش

کمپنی کی حصص کی منتقلی کی بکس 21 اپریل 2023 سے 28 اپریل 2023 تک (بند رہیں گی)۔ 20 اپریل 2023 کو کاروبار کے اختتام پر موصول ہونے والی منتقلیوں پر جو شیئر ہولڈرز رجسٹرار، بزنس ریکارڈر اپ (پرائیویٹ) لمیٹڈ، 32-C، جامی کمرشل اسٹریٹ 2، ڈی ایچ اے فیز 7، کراچی میں ممبران کے حق نقد ڈیویڈنڈ کے حقدار ہونے اور AGM میں شرکت اور ووٹنگ کے مقاصد کے لیے، مکمل عمل کیا جائے گا۔

3. بچت کی تجدید

کمپنی کے ممبران سے درخواست کی جاتی ہے کہ ایڈریس میں تبدیلی اگر کوئی ہو تو فوری طور پر مطلع کریں، اور شیئر رجسٹرار کو فولیو نمبر کو یکجا کرنے کا مطالبہ کریں، انڈر آئیڈنٹیفکیشن نمبر کے پاس ایک سے زیادہ فولیو ہوں۔

4. ای ڈیوڈنڈ اور مالیات کے ذریعے ریفنڈ

اگر آپ نے ابھی تک ایسا نہیں کیا ہے تو، براہ کرم اپنا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر، شناختی کارڈ کی نقل، موبائل نمبر اور ای میل پتہ، اپنے فولیو نمبر کے خلاف شیئر رجسٹرار کو فراہم کریں۔ اگر آپ نے پہلے ہی 159 کی ای ڈیوڈنڈ (1) کے تحت مطلوبہ کاغذات جمع کروا دیے ہیں تو کمپنی اپنے ریکارڈ کی تصدیق کے لیے آپ سے رابطہ کرے گی۔

5. ڈیویڈنڈ کی ٹیکس کٹوتی

ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 150 کے تحت ڈیویڈنڈ کی آمدنی پر ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی درج ذیل طرح کی جائے گی:

ٹیکس کٹوتی کی شرح کے لیے فائلر	15%
ٹیکس کٹوتی کی شرح کے لیے نان فائلر	30%

کمپنی کا 30 فیصد کیش ڈیویڈنڈ کی تقسیم کا اعلان کرنے کے حامل ہونے کے لیے، شیئر ہولڈرز، بشمول مشترکہ شیئر ہولڈرز، جن کے پاس FBR کی ویب سائٹ پر موجود اپ ٹو ڈیٹ ٹیکس میٹر (ATL) ہیں، ان تک، اس ح